ہم سے رابطہ کریں

+47 75 55 58 90

krisesenteret@bodo.kommune.no

krisesenteret.bodo.kommune.no

آپ دن یا رات کو کسی بھی وقت سے
کرائسس سنٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں

کرائسس سنٹر کیا ہے؟

Salten کرائسس سنٹر ان افراد کیلئے مشورہ، سہارا اور رہنمائی فراہم کرتا ہے جنہیں ظلم، زیادتی یا قریبی رشتوں میں کسی اور قسم کے تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہو۔
قریبی رشتوں میں تشدد جسمانی، نفسیاتی، جنسی اور/یا مادّی شکل کا ہو سکتا ہے۔
جنسی اعضا کو کاٹنے، دھمکیاں دینے، جبری شادی اور غیرت کی وجہ سے دھمکیوں کو بھی قریبی رشتوں میں تشدد شمار کیا جاتا ہے۔

آپکو کیا مدد مل سکتی ہے؟

- کرائسس سنٹر میں عملہ دن اور رات کو ہر وقت موجود ہوتا ہے
- عملے پر رازداری کی پابندی ہے
- کرائسس سنٹر سے مدد لینا اور یہاں رہنا مفت ہے
- آپکو کرائسس سنٹر میں رہائش اختیار کیے بغیر بھی بات چیت اور خبرگیری کی پیشکش مل سکتی ہے
- آپکو مشورہ اور رہنمائی مل سکتی ہے
- آپکو وکیل، پولیس، NAV اور دوسرے امدادی اداروں سے رابطہ کرنے کیلئے مدد مل سکتی ہے
- یہاں ان لوگوں کیلئے موزوں انتظامات ہیں جنہیں کسی قسم کی معذوری یا نقص پیش ہو